## سوال

کمیٹی ڈالنے والا یعنی جس کے پاس کمیٹی جمع ہوتی ہو وہ شخص اگر کمیٹی سے کچھ معاوضہ لے تو جائز ہے ؟ کتنی رقم جائز ہے ؟

## جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کمیٹی کی صورت یہ ہوتی ہے کہ کچھ افراد اکٹھے ہو کر ہر مہینے مخصوص رقم جمع کرتے ہیں، مہینے کے شروع میں وہ رقم قرعہ ڈال کر ایک شخص کے حوالے کر دی جاتی ہے ،اگلے مہینے جس کے نام قرعہ نکلتا ہے اسے دے دی جاتی ہے، پھر یہ سلسلہ چلتا رہتا ہے حتیٰ کہ تمام افراد جو اس میں شامل تھے اپنی جمع کروائی ہوئی رقم حاصل کر لیتے ہیں۔

کمیٹی کی مندرجہ بالا صورت میں کمیٹی کی رقم کمیٹی ڈالنے والے شخص کے پاس امانت ہوتی ہے، وہ امانتیں جمع کر کے قرعہ ڈالتا ہے، جس کے نام قرعہ نکلتا ہے وہ امانت اسے حوالے کر دیتا ہے۔

1. اگر کمیٹی جمع کرنے والا شخص کمیٹی جمع کرنے اور اس کی حفاظت کرنے کی اجرت کمیٹی میں شریک تمام افراد کی رضامندی سے لیتا ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے

واللہ أعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

فضیلۃ الشیخ جاوید اقبال سیالکوٹی

فضیلۃ الشیخ اسحاق زاہد